## فیصل آباد میں دو مسیحی بھائیوں راشد مسیح اور ساجد مسیح کی ہلاکت کا واقعہ انتہائی قابل مذمت ہے۔الطاف حسین
## پاکستان میں آباد کرسچیئن کمیونٹی بھی ملک کے دیگر شہریوں کی طرح محبّ وطن اور ملک کے وفادار شہری ہیں اور انکے ساتھ اس طرح کے گھناؤنے واقعات کو کسی بھی طرح جائز قرار نہیں دیا جاسکتا
## اگر غیر مسلم ممالک میں آباد مسلمانوں کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک اختیار کیا جانے لگے تو اس کے کیا نتائج ہوں گے؟
## اس واقعہ کا سخت نوٹس لیا جائے اور مسیحی نوجوانوں کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے
## ایم کیو ایم افسوسناک واقعہ پر مقتول مسیحی نوجوانوں کے اہل خانہ اور مسیحی برادری کے غم میں برابر کی شریک ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔20 جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے شہر فیصل آباد میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو مسیحی بھائیوں راشد مسیح اور ساجد مسیح کی ہلاکت کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر کسی بھی شہری کے خلاف کوئی مقدمہ بھی ہے تو کسی کو بھی یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ قانون اپنے ہاتھ میں لے اور خود ہی سزا اور جزا کا فیصلہ کرے۔انہوں نے مسیحی نوجوانوں کی ہلاکت کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں آباد کرسچیئن کمیونٹی کو غیر محبّ وطن نہ سمجھا جائے،وہ بھی ملک کے دیگر شہریوں کی طرح محبّ وطن اور ملک کے وفادار شہری ہیں اور انکے ساتھ اس طرح کے گھناؤنے واقعات کو کسی بھی طرح جائز قرار نہیں دیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اس پر سنجیدگی سے سوچنا چاہیے کہ اگر عیسائی برادری کے خلاف اس طرح کے مذموم واقعات کے ردعمل میں دنیا بھر کے غیر مسلم ممالک میں آباد مسلمانوں کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک اختیار کیا جانے لگے تو اس کے کیا نتائج ہوں گے؟ آخر ہم اس طرح غیر مسلم ممالک کو کیا پیغام دے رہے ہیں؟ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس واقعہ کا سخت نوٹس لیا جائے اور مسیحی نوجوانوں کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے۔انہوں نے اس افسوسناک واقعہ پر مقتول مسیحی نوجوانوں کے اہل خانہ اور مسیحی برادری سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اور بزرگ رہنما عبدالقادر لاکھانی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے
## عبدالقادر لاکھانی مرحوم کافی عرصہ سے کینسر کے مرض میں مبتلا تھے اور گزشتہ دو ماہ سے کراچی کے ایک مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے
## عبدالقادر لاکھانی مرحوم کی نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر ناظم آباد 4 نمبر کی جامع مسجد ہادی مارکیٹ میں ادا کی جائے گی اور مرحوم کو سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا

کراچی۔۔۔ 20 جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اور سابق رکن سندھ اسمبلی عبدالقادر لاکھانی طویل علالت کے بعد منگل کو علی الصبح کراچی کے مقامی اسپتال میں انتقال کر گئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 78 سال تھی۔عبدالقادر لاکھانی مرحوم کافی عرصہ سے کینسر کے مرض میں مبتلا تھے اور گزشتہ دو ماہ سے کراچی کے ایک مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے۔پیر اور منگل کی درمیانی شب ان کی حالت زیادہ تشویشناک ہوگئی اور منگل کو علی الصبح چار بجے ان کا انتقال ہوگیا۔انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے ذمہ داران اسپتال پہنچ گئے اور مرحوم کے صاحبزادے عبدالرحیم کو دلاسہ دیا۔عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ،ایک بیٹی اور پانچ بیٹے شامل ہیں۔عبدالقادر لاکھانی مرحوم کی نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر ناظم آباد 4 نمبر کی جامع مسجد ہادی مارکیٹ میں ادا کی جائے گی اور مرحوم کو سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عبدالقادر لاکھانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور ان کے انتقال کو تحریک کیلئے ایک بڑا نقصان قرار دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کارکنوں اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عبدالقادر لاکھانی کی نماز جنازہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور مرحوم کو خراج عقیدت پیش کریں۔

## عبدالقادر لاکھانی کے انتقال سے تحریک ایک بزرگ اور کڑے حالات میں ثابت قدم رہنے والے ساتھی سے محروم ہوگئی ہے۔ الطاف حسین

## مرحوم نے آزمائش کے وقت میں تحریک کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ سنہری حروف سے لکھی جائیں گی

## عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے صاحبزادے عبدالرحیم سے قائد تحریک الطاف حسین کی فون پر تعزیت

لندن۔۔۔20 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اور تحریک کے بزرگ رہنما عبدالقادر لاکھانی کے انتقال پر دلی صدمہ اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے عبدالقادر لاکھانی کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی مرحوم کے صاحبزادے عبدالرحیم کو فون کر کے ان سے انکے والد کے انتقال پر تعزیت کی ۔انہوں نے کہا کہ عبدالقادر لاکھانی تحریک کے پرانے اور برے وقتوں کے ساتھی تھے اورانہوں نے آزمائش کے وقت میں تحریک کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ جناب الطاف حسین نے عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے صاحبزادے سے کہا کہ میں اور میرے تمام ساتھی آپ اور آپ کے تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، انکے انتقال سے مجھے ذاتی طور پر بہت صدمہ پہنچا ہے، میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ عبدالقادر لاکھانی مرحوم کی مغفرت فرمائے اورانہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عبدالقادر لاکھانی مرحوم تحریک کے ایک سینئر رکن تھے اور 19 جون 1992ء کو ایم کیو ایم کے خلاف آپریشن کے آغاز میں جب نوجوانوں کو پکڑ پکڑ قتل کیا جارہا تھا تحریک کے تمام نوجوان کارکن روپوش ہونے پر مجبور تھے اور نائن زیرو کو سیل کردیا گیا تھا ،ایسے وقت میں عبدالقادر لاکھانی ان چند بزرگوں میں شامل تھے جنہوں نے نائن زیرو دوبارہ کھولا اور آزمائش کے اس وقت میں نائن زیرو پر موجود رہے۔ عبدالقادر لاکھانی کے انتقال سے تحریک اپنے ایک بزرگ اور کڑے حالات میں ثابت قدم رہنے والے ساتھی سے محروم ہوگئی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج عبدالقادر لاکھانی ہم میں نہیں ہیں لیکن ان کی خدمات رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالقادر لاکھانی مرحوم کی مغفرت فرمائے اورانہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## حق پرست عوام مخدوم جاوید ہاشمی کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

## مسلم لیگی رہنماء مخدوم جاوید ہاشمی کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔20 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ن) کے رہنماء اور رکن قومی اسمبلی مخدوم جاوید ہاشمی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے حق پرست عوام اور متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ مخدوم جاوید ہاشمی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## مسلم لیگ فنکشنل کے نومنتخب رکن قومی اسمبلی حاجی خدا بخش راجڑ نے ضمنی الیکشن میں بلا مقابلہ منتخب ہونے پر الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا

## نومنتخب رکن قومی اسمبلی خدا بخش راجڑ کی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون سے ٹیلی فون پر گفتگو

کراچی۔۔۔20 جولائی، 2010ء

حلقہ این اے 235 سانگھڑ کی نشست پر بلا مقابلہ منتخب ہونے کے بعد مسلم لیگ فنکشنل کے نومنتخب رکن قومی اسمبلی خدا بخش راجڑ نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون کو ٹیلی فون کیا اور ضمنی الیکشن میں ایم کیو ایم کے نامزد امیدوار کی دستبرداری اور بھرپور تعاون پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔ خدا بخش راجڑ نے رضا ہارون سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ پیر صاحب پگارا کی جانب سے بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے بے حد مشکور ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ صوبہ سندھ اور ملک بھر کے بہتر مستقبل کیلئے کام کریں گے اور ضمنی انتخابات میں میری بلا مقابلہ کامیابی میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی محبت، شفقت اور پیار بھی شامل ہے۔

## بلوچستان کے موجودہ حالات کی ذمہ داری بھی فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام پر عائد ہوتی ہے، یوسف شاہوانی

## ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی دفتر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کوئٹہ۔۔۔20، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ ملک کے دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان کے موجودہ حالات کی ذمہ داری بھی فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام پر عائد ہوتی ہے لیکن ایم کیوایم ملک سے اس نظام کا خاتمہ کرکے دم لے گی۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی دفتر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر محمد علی بروہی، ایم کیوایم بلوچستان کے قائم مقام صوبائی آرگنائزر مجیب سلام رودینی، صوبائی میڈیا انچارج انور خان ترین، کوئٹہ کے آرگنائزر سلیم اختر ایڈووکیٹ بھی موجود تھے۔ یوسف شاہوانی نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین صوبہ بلوچستان اور اس کے عوام کیساتھ جاری ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے ہر سطح پر عملی طور پر آواز بلند کرتے رہے ہیں جبکہ گزشتہ دنوں بی این پی (مینگل) کے رہنما حبیب جالب ایڈووکیٹ کے بہیمانہ قتل پر بھی ایم کیوایم نے اپنے شدید ردعمل کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم صوبہ بلوچستان سمیت ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور جب تک صوبہ بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمہ کے لیے عملی طور پر میدان میں نہیں آئیں گے اس وقت تک ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے شکنجے زیر اثر 98 فیصد غریب و مظلوم عوام ظلم کا نشانہ بنتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سے قبل ملک کے منتخب ایوانوں کی رکنیت جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کیلئے ہی مختص سمجھی جاتی تھی لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کے منتخب ایوانوں میں غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے افراد کو بھیج کر فرسودہ نظام کے خاتمہ کی بنیاد بہت پہلے ہی رکھ دی ہے اور اب وہ وقت دور نہیں جب ایم کیوایم اس فرسودہ نظام سے ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کو نجات دلائے گی اور ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کارکنان کو تلقین کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کو گھر گھر پھیلائیں اور لوگوں کو ایم کیوایم کے حق پرستانہ مشن و مقصد اور نظریئے کی تکمیل کیلئے لوگوں کو ایم کیوایم میں شمولیت کی دعوت دیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اور بزرگ رہنما عبدالقادر لاکھانی کو سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، منتخب عوامی نمائندوں، سابق بلدیاتی نمائندوں اور کارکنان کی ہزاروں کی تعداد میں شرکت

## عبدالقادر لاکھانی مرحوم کا سوئم خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کل بروز بدھ بعد نماز ظہر تا عصر منعقد ہوگا، الطاف حسین فاتحہ خوانی کرائیں گے

## کارکنان، عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے سوئم میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20، جولاء 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن و سابق رکن سندھ اسمبلی اور بزرگ رہنما عبدالقادر لاکھانی مرحوم کو پیر کے روز ہزاروں سوگواران کی موجودگی میں سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ ناظم آباد نمبر 4 میں انو بھائی پارک کے قریب ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین سید شعیب احمد بخاری، رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، کنور خالد یونس، واسع جلیل، جاوید کاظمی، اشفاق منگی، ڈاکٹر نصرت، سیف یار خان، سید شاکر علی، کیف الوریٰ، سلیم تاجک، افتخار اکبر رندھاوا، حق پرست صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، سابق حق پرست بلدیاتی نمائندوں، ایم کیوایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے ارکان، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، ایم کیوایم کے زونل انچارجز و اراکین، کراچی کے مختلف سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی اور مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ دریں اثناء عبدالقادر لاکھانی مرحوم کا سوئم 21 جولائی بروز بدھ بعد نماز ظہر تا عصر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی، ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فون پر فاتحہ خوانی کرائیں گے۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے سوئم میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ارکان آنسہ ممتاز انوار، محترمہ نسرین جلیل اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران و کارکنان نے مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور عبدالقادر لاکھانی مرحوم کے بلند درجات اور ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## ایم کیوایم کے تحت ''یادگارِشہدائے حق'' کا افتتاح 26، جولائی کو ہوگا

## الطاف حسین افتتاحی تقریب سے خطاب کریں گے اور یادگار کا افتتاح کریں گے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس، یادگار شہدائے حق کی افتتاحی تقریب کے پروگرام کے انتظامات اور تیاریوں کیلئے کمیٹیاں تشکیل دیدیں

کراچی۔۔۔20 جولائی، 2010ء

ایم کیوایم کے شہید کارکنان کی یاد میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں تعمیر کی جانے والی ''یادگارشہدائے حق'' کا افتتاح 26 جولائی بروز پیر کو متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کے موقع پر کیا جائے گا۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ''یادگارِشہدائے حق'' کا افتتاح کریں گے اس موقع پر منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔ یادگار شہدائے حق کے افتتاح اور متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کے موقع پر کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے زیر اہتمام اجتماعات منعقد ہوں گے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا ایک اجلاس گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں ''یادگارشہدائے حق'' کی افتتاحی تقریب کے انتظامات جائزہ لیا گیا اور یادگار شہدائے حق کی افتتاحی تقریب کی تیاریوں کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جن میں آرگنائزنگ، پنڈال اینڈ اسٹیج ،فوڈ، لائٹ اینڈ ساؤنڈ، ویجیلنس ،ٹریفک ،میڈیا، میڈیکل ایڈ، پبلسیٹی اور استقبالیہ کمیٹیاں شامل ہیں جبکہ یادگار شہدائے حق کے انتظامات اور تیاریوں کی نگرانی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کریں گے۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی نے ''یادگارشہدائے حق'' کی افتتاحی تقریب کے پروگرام کے سلسلے میں تشکیل دی گئی کمیٹیوں کو فی الفور فعال کر دیا ہے اور انہیں اپنی اپنی ذمہ داریوں کے مطابق احسن طریقے سے کام انجام دینے کی تلقین کی۔

## ڈاکٹر پرویز رئیس کو فی الفور بازیاب کرایا جائے، رابطہ کمیٹی

## حیدرآباد میں معروف آرتھوپیڈک سرجن ڈاکٹر پرویز رئیس کے مسلح افراد کے ہاتھوں اغواء کی واردات پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔20، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں حیدرآباد میں معروف آرتھوپیڈک سرجن ڈاکٹر پرویز رئیس کے اغواء کی واردات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ڈاکٹر پرویز رئیس کو فی الفور بازیاب کرایا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ڈاکٹر پرویز رئیس اپنے پیشہ کے لحاظ سے حیدرآباد کی معروف شخصیت ہیں اور دن دیہاڑے ان کے اغواء کی واردات سے حیدرآباد کے عوام بالخصوص ڈاکٹروں میں گہری تشویش اور غم وغصہ کی لہر پائی جارہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ حیدرآباد میں مسلح افراد کے ہاتھوں معروف آرتھوپیڈک سرجن ڈاکٹر پرویز رئیس کے اغواء کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث ملزمان کا سراغ لگایا جائے اور ڈاکٹر پرویز رئیس کی بازیابی کیلئے فی الفور عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## لاڑکانہ میں پولیس اہلکار سمیت 5 افراد کی خاتون سے اجتماعی زیادتی

## میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔20، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے لاڑکانہ میں پولیس اہلکار سمیت 5 افراد کی خاتون سے اجتماعی زیادتی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارنہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث خواتین کے بنیادی حقوق کا بری طرح سے استحصال کیا جارہا ہے اور خواتین کیساتھ رونما ہونے والے زیادتی اور تشدد کے واقعات اس بات کا ثبوت ہیں کہ درندہ صفت اور سفاک عناصر اپنے آپ کو آئین وقانون سے ماورا تصور کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث فروغ پانے والی جاہلانہ رسومات کے سبب درندہ صفت عناصر خواتین کے بنیادی حقوق تک فراموش کر بیٹھے ہیں اور کھلے عام معصوم خواتین کو اپنی ہوس کا نشانہ بنارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ لاڑکانہ میں پولیس اہلکار سمیت 5 افراد کی خاتون سے اجتماعی کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن افسر حسین کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔20، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن افسر حسین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ افسر حسین کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حیدرآباد میں ''میرا حیدرآباد'' ہفتہ صفائی مہم کا دوسرا روز

## نالوں کی صفائی اور کچرے کے ڈھیر کو ہٹانے کا کام تیزی سے جاری، گرین بیلٹس کی تزئین وآرائش پر خصوصی توجہ

## ہفتہ صفائی مہم کو حیدرآباد ضلع کی عوام کی جانب سے زبردست پزیرائی مل رہی ہے، کارکنان میں جوش وخروش

حیدرآباد۔۔۔20 جولائی، 2010

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایات پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیراہتمام ''میرا حیدرآباد'' ہفتہ صفائی مہم دوسرے روز بھی جاری رہی جس میں متحدہ کے ہزاروں کارکنان نے رات گئے تک تعلقہ سٹی، تعلقہ لطیف آباد، تعلقہ قاسم آباد اور تعلقہ دیہی کے مختلف علاقوں کی شاہراہوں، چوراہوں، بازاروں اور گلی کوچوں میں صفائی ستھرائی کی اور ہزاروں ٹن کچرا صاف کیا۔ ہفتہ صفائی مہم کے دوران ہیوی مشینری کے ذریعے نالوں کی صفائی اور کچرے کے ڈھیر کو ہٹانے کا کام کام تیزی سے جاری ہے جبکہ شاہراہوں کے درمیان گرین بیلٹس کی تزئین وآرائش پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے تحت میرا حیدرآباد ہفتہ صفائی مہم کو نہ صرف پورے حیدرآباد ضلع کی عوام کی جانب سے پزیرائی مل رہی اوراس اقدام سے عوام میں صفائی ستھرائی کے حوالے سے مثبت تاثر پایا جاتا ہے اورعوام نے بالخصوص قائد تحریک کے حق پرست نمائندوں کے اس احسن اقدام کو قابل ستائش بھی کروایا۔

☆☆☆☆☆